سوال

(278) بیٹیوں کے نام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بھائی صاحب اللہ تعالیٰ نے مجھے دو بیٹیاں دی ہیں میں نے ان کا نام اسفندریہ اور ملائکہ رکھا ہے مگر بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے ٹھیک نام نہیں رکھے مہربانی کر کے آپ اس مسئلہ میں ہماری رہنمائی کریں۔ (شہزاد، سیالکوٹ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ جب اولاد کی نعمت سے نوازے تو ان کے نام ایسے رکھنے چاہئیں جن کا معنی صحیح ہو اور بہترین نام وہ ہوتے ہیں جن میں نسبت اللہ کی طرف ہوتی ہے جیسے عبداللہ، عبدالرحمٰن وغیرہ، بچیوں کے نام آپ صحابیات کے ناموں پر رکھ لیں یا کوئی اور صحیح المعنی نام رکھیں۔ ملائکہ کا معنی تو فرشتے ہیں اور اسفندریہ کا معنی مجھے معلوم نہیں ہے لہذا آپ کسی اچھے نام کا انتخاب کریں اس کے لئے آپ ایک کتاب "پیارے نام" دیکھیں جسے مولانا فاروق صارم صاحب حفظہ اللہ نے مرتب کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ: 373

محدث فتویٰ